بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

タブレットやスマホをFaxにする方法
47都道府県の市外局番が選べます!
eFax

# صدارتی انتخاب کی تیاریاں مکمل، قومی اسمبلی، سینیٹ اور صوبائی اسمبلیوں کے اجلاس آج ہونگے

## پولنگ کل صبح 10 سے سہ پہر 3 بجے تک پارلیمنٹ ہاؤس اور چاروں صوبائی اسمبلیوں میں ہوگی، 1123 ارکان کی فہرستیں تیار

اسلام آباد (طاہر خلیل) صدارتی انتخاب کیلئے طلب کردہ قومی اسمبلی، سینیٹ اور چاروں صوبائی اسمبلیوں کے اجلاس آج پیر کو ہونگے، جبکہ صدارتی انتخاب کل ہوگا، جس کیلئے تیاریاں آخری مرحلے میں ہیں، 30 جولائی کے صدارتی انتخاب کیلئے الیکشن کمیشن نے بیلٹ پیپرز کی چھپائی کا کام مکمل کرلیا ہے۔ پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا میں بیلٹ پیپرز کی ترسیل کا کام اتوار کی شام مکمل کرلیا گیا۔ صدارتی انتخاب کیلئے پولنگ صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد اور چاروں صوبائی اسمبلیوں میں ہو گی۔ پولنگ کے وقت اراکین کو شناختی کارڈ دکھانا ہوگا۔ صدارتی انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کے ممنون حسین اور پاکستان تحریک انصاف کے جسٹس (ر) وجیہہ الدین احمد کے درمیان ون آن ون مقابلہ ہوگا۔ 1123 ارکان پر مشتمل صدارتی ووٹرز کی فہرستیں تیار ہوگئی ہیں سینیٹ کے 104 میں سے 103 ارکان حق رائے دہی استعمال کریں گے۔ قومی اسمبلی کے 342 میں سے 324 ارکان ووٹ ڈال سکیں گے۔ پنجاب اسمبلی کے 371 میں سے 352 ارکان صدارتی انتخاب میں حصہ لیں گے۔ سندھ اسمبلی کے 168 کے ایوان میں 163 ارکان، خیبر پختونخوا کے 124 میں سے 120 جبکہ بلوچستان کے 65 میں سے 61 ارکان ووٹ ڈال سکیں گے۔ پیپلز پارٹی کے بائیکاٹ کی وجہ سے سینیٹ اور سندھ اسمبلی کے 50 فیصد سے زائد ارکان ووٹرز اپنا ووٹ کاسٹ نہیں کرینگے۔ الیکشن کمیشن نے صدارتی الیکشن میں ووٹ منظور یا مسترد ہونے کے حوالے سے گائیڈ لائن جاری کردی ہے جسکے ذریعے خفیہ رائے شماری کے وقت بیلٹ پیپر پر کوئی بھی اضافی نشان ہوا تو ووٹ مسترد کردیا جائے گا ارکان کو امیدوار کے نام کے سامنے کراس (x) کا نشان لگانا ہوگا۔ کوئی اور نشان لگانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ مخصوص پنسل سے نشان لگانے کے علاوہ کسی اور قلم کے استعمال کی بھی اجازت نہیں ہوگی۔ ارکان کو اپنی شناخت کیلئے سینیٹ یا اسمبلی کا شناختی کارڈ پیش کرنا ہو گا۔ ووٹنگ کے لئے پہلے سینیٹرز کے نام پکارے جائیں گے بعد میں قومی اسمبلی کے ارکان ووٹ دینگے۔ (ن) لیگ کے امیدوار ممنون حسین اپنی کامیابی کیلئے پُرامید ہیں۔ آئی این پی کے مطابق صدارتی انتخاب کے نتیجے کا اعلان 31 جولائی کو کیا جائے گا جبکہ نومنتخب صدر 9 ستمبر کو عہدے کا حلف اٹھائینگے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے